بالاچ مری کی ناگہانی وفات پرسردار خیر بخش مری سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت
بالاچ مری کی ہلاکت کے اصل حقائق سے قوم کو آگاہ کیا جائے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔۔۔۔22 نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایک جھڑپ میں بلوچ سردار خیر بخش مری کے صاحبزادے بالاچ مری کے ہلاک ہونے کے واقعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے حکومت سے کہا ہے کہ بالاچ مری کی ہلاکت کے اصل حقائق سے قوم کو آگاہ کیا جائے۔انہوں نے سردار خیر بخش مری سے ان کے جواں سال بیٹے بالاچ مری کی ناگہانی وفات پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔

ایم کیوایم کے متعدد امیدواروں نے عام انتخابات کیلئے قومی وصوبائی اسمبلی کے مختلف حلقوں سے اپنے کاغذاتِ نامزدگی جمع کرادیئے،کاغذات نامزدگی جمع کرانے والوں میں ڈاکٹر فاروق ستار، شعیب بخاری،عادل صدیقی،نادیہ گبول اوردیگر شامل ہیں

کراچی۔۔۔22،نومبر 2007ء

آئندہ عام انتخابات 2008ء کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے جمعرات کے روز قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے حلقوں پر امیدواروں کے کاغذات نامزدگی جمع کرائے گئے ۔یہ کاغذات نامزد ایم کیوایم کے امیدواروں نے کراچی ایسٹ ،ویسٹ ،سینٹرل اور ساؤتھ کے ریٹرننگ آفیسرز کے پاس جمع کرائے ۔قومی اسمبلی کے حلقوں پر جن امیدواروں نے مختلف حلقوں سے کاغذاتِ نامزدگی جمع کرائے ہیں ان میں ڈاکٹر فاروق ستار حلقہ این اے 296-243،ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ حلقہ این اے 256-242،عبدالوسیم حلقہ این اے 296-243،اقبال قادری 241،محمد عادل صدیقی حلقہ این اے 258اور اقبال محمد علی حلقہ این اے 252-253-256 شامل ہیں جبکہ صوبائی اسمبلیوں کے حلقوں پر جن امیدواروں نے ایم کیوایم کی جانب سے مختلف حلقوں سے کاغذات نامزدگی جمع کرائے ہیں ان میں شعیب احمد بخاری حلقہ پی ایس 107،ڈاکٹر صغیر احمد حلقہ پی ایس 117،نشاط محمد ضیاء حلقہ پی ایس 120،امام الدین شہزاد حلقہ پی ایس 102اور محترمہ نادیہ گبول حلقہ پی ایس 108-109 شا

نارتھ ناظم ٹاؤن محمد حسین گوٹھ کے معززین کی سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔22،نومبر 2007ء

نارتھ ناظم آباد ٹاؤن میں واقع محمد حسین گوٹھ کے معززین عمر راجپوت ،محمد حسین چوہدری اور اسحاق اوڈھ نے غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنی برادریوں کے سینکڑوں نوجوانوں اور بزرگوں کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے ۔یہ اعلان انہوں نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام گزشتہ روز عرفات ٹاؤن یوسی 5 نارتھ ناظم آباد میں منعقدہ ایک اجلاس میں کیا۔اجلاس میں مختلف برادریوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اور بزرگوں کی بڑی تعداد کے علاوہ ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم اور نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے ٹاؤن ناظم ممتاز حمید نے بھی شرکت کی۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے افراد نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حق پرستی کی تحریک کے فروغ کیلئے وہ اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔قبل ازیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم کی سیاست کا مقصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی عملی خدمت ہے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست ٹاؤن ناظم ممتاز حمید نے کہا کہ حق پرست بلدیاتی قیادت کراچی بھر میں بلاامتیاز وتفریق ترقیاتی کام کررہے ہیں اور شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے دن رات مصروف عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام ملک بھر کے عوام میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں ۔انہوں نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد کا خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد بھی پیش کی۔

ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے کارکن وسیم الدین کے والد قمر الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆